RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۳	روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ اکتوبر ۱۸۹۰ء مطابق ۱۲ ربیع الاول ۱۳۰۸ھ	جلد ۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم ریونیو ممبر بہادر کونسل	
۱	اضافہ عزیز الرحمن خان اہلمد اسسٹنٹ ممبر مال۔	۱
	روبکارات صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر	
۲	بنا بر مطابقت مجریہ بکب و کاغذات دیوانی ۔ ۔	۲
۳	دربارہ بحس شدہ ابدا ہونیکے داران عمارت ۔	۳
۴	دربارہ اسسٹنٹ درخواست بابت قطع درختان ۔	۳
	روبکارات صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۵	روئداد میونسپل کمیٹی شاہ آباد دربارہ ٹھیک چاہات ۔ چوکیداران ۔ خاکروبان ۔ بہلیان ۔	۴ و ۵
۶	روئداد کمیٹی میونسپل شہر رامپور دربارہ ۔ چوکیداران ... جلسہ کی طرح افغان ۔ لالٹین در مسجد ... اوقات ... میونسپل بورڈ ۔ دستور العمل میونسپل بورڈ نصب لالٹین در توجہ لنگر خانہ ۔	۵ و ۶ و ۷
	حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۷	دربارہ انفکاک مناسب وقت نقل از دفتر کاغذات محلہ ... ۔	۷ و ۸
۸ تا ۱۰	نقشہ جات واردات ۔ نقشہ اجناس ۔ نقشہ نیلام مویشیان ۔	۸ و ۹

حکم ریونیو ممبر بہادر کونسل

۲۰ اکتوبر ۱۸۹۰ء عزیز الرحمن خان اہلمد اسسٹنٹ ممبر مال کا دو روپیہ اضافہ ہو آیندہ اس عہدہ پر اور ترقی نہ ہو گی اور یہ بھی ہدایت ہو کہ کسی قسم کی شکایت مثل سابق نسبت عدم کارگزاری وغیرہ ہمارے سامنے نہ آوے۔

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدین خان صاحب بہادر وائس پریزیڈنٹ ریاست رامپور

واقع ۱۹ - اکتوبر سنہ ۱۹۰۱ع

ہمارے اجلاس مین لیجر بک کارخانجات و خرچ ذات خاص وغیرہ موجود ہین جنمین احکام مجرائی برابر درج ہوتے ہین مقصود یہ ہے کہ ہر مہینے کے آخر پر بہنگام مطابقت مصارف ہمارے ڈپارٹمنٹ کے لیجر بک اجلاس کا قدر بوالفصہ سے ٹھیک و تعین اس باب مین دیوان صدر سے دریافت کیا گیا بیان دیوان صدر و نیز عملہ اجلاس و کارروائی روزانہ سے واضح ہوا کہ مطابقت ٹھیک ٹھیک ہر مہینے پر دشوار ہے مثلاً چیف انجینیری سے جو بل تنخواہ کسی تاریخ آکر پاس ہو کر اور ہمارے اجلاس کے لیجر بک مین اوسی تاریخ درج ہو کر چیف انجینیری مین بہیجدیے گئے بوجوہ ٹھیک طور کر بعض مرتبہ بہت دنون تک نہین بہیجے جاتے پس بہنگام مقابلہ کیونکر ٹھیک اور مطابقت ہوسکتی ہی علی ہذا القیاس دیگر صیغہ جات متعلقہ وائس پریزیڈنسی مین بہی یہ کیفیت کہ جو حکم مجرائی آخر ماہ پر ہو کر درج لیجر بک اجلاس ہو جاتے ہین وہ دیوان کے یہان اور جہ مین بد ہو جو کہ کچہ تو دیر دیوان صدر تک پہونچنے مین ہوتی ہی اور پہر دیوان صدر اوسکے جانچنے مین اور رقم پانے کی رسید وغیرہ حاصل کرنے مین دیر ہوتی ہی اوسی مہینے کے اندر نہین درج ہوسکتے بنظر وجوہ مصدر باتفاق صاحب چیف انجینیر بہادر و دیوان صدر حسب ذیل اسے قرار پائی -

(۱) جسقدر بل مہینے مین ہمارے یہان پاس ہو کر درج لیجر بک ہوتے ہین اونکی مطابقت اداره دیوان صدر سے کیجاے اور دیکہا جاے کہ کسقدر تعداد کے بل انکے یہان پہونچے اور کسقدر کے نہین جسقدر تعداد کے بل اونکے یہان ہون اونکی فرد بتفصیل نمبر بنالینا چاہیے مثلاً لیجر بک مین چالیس ہزار کے پاس شدہ درج ہین اب جسوقت دیوان کے یہان مطابقت کی تو تیس ہزار کی رقم مطابقت ہوئی اور دس ہزار کے بل اونکے یہان درج نہین ہوے ہین پس دیکہا چاہیے کہ کون کون سے نمبر کے بل درج نہین ہوے اور حسب ذیل نقشہ بنالینا چاہیے -

نمبر بل	تعداد رقم

اب دوسرے مہینے مین جب مقابلے کے واسطے جائین تو دس ہزار رقم بقیہ کی فرد اور بلہاے پاس شدہ ماہ حال دونون رقم قائم کرکے مطابقت کیجاے اور جسقدر رقم کے بل مطابق ہو جائین اونکے علاوہ جسقدر رقم باقی رہے حسب نمونہ بالا اونکی فرد بنالیجاے - اسی طرح فردکی درستی دیگر صیغہ جات متعلقہ ڈپارٹمنٹ وائس پریزیڈنسی کی بہی لیجایا کرے اور دوسرے ماہ پر اونکی مطابقت کا خیال رہے دیوان صدر و ناظر اجلاس اچہی طرح اس روبکار کو دیکہ لین اور اوسکی تعمیل کیا کرین -

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی واسطے درج گزٹ کے مہتمم مطبع سرکاری کے پاس بہیجدیجاے اور ایک نقل دیوان صدر کے پاس مرسل ہو ناظر اجلاس مطلع ہون فقط

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۹-اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

اکثر دریافت ہوا کہ ٹھیکہ داران عمارت کو جس مہینہ میں بل پاس شدہ
چیف انجینیری سے ملتے ہیں اکثر ٹھیکہ دار اوسی مہینہ میں روپیہ دیوانصدر سے
نہیں حاصل کر لیتے بلکہ دوسرے مہینہ میں جا کر وصول کرتے ہیں جس میں
حساب کی صفائی نہیں رہتی صاحب چیف انجینیر بہادر کی یہ تجویز ہے
کہ جس مہینہ میں بل ٹھیکہ داران کو ملے اوسی مہینہ میں انکو دیوانصدر کے
یہاں سے روپیہ وصول کر لینا چاہئے اور جب دوسرے مہینہ میں
وصول کی نوبت آوے تو دیوانصدر ایک روپیہ سیکڑہ اوس ٹھیکہ دار کے
بل سے وضع کر کے سیاہہ سرکار کر دیا کرے ہمکو اس سے
صاحب چیف انجینیر بہادر کی اتفاق ہے جس ٹھیکہ دار کو بل چیف انجینیری
سے ماہ اکتوبر میں ملے وہ ماہ نومبر میں جا کر دیوانصدر سے
روپیہ لینا چاہے تو دیوانصدر مبلغ یکروپیہ سیکڑہ اوس ٹھیکہ دار کے
بل سے وضع کر کے سیاہہ سرکار کر دیا کریں صاحب چیف انجینیر بہادر
عام طور پر ٹھیکہ داران عمارت کو اطلاع دیدیوین کہ اوسی مہینہ میں جس مہینہ میں
بل ملا کرے اوسی مہینہ میں روپیہ دیوانصدر سے لیلیا کریں
اور جسوقت بل ٹھیکہ دار کو چیف انجینیری سے دیا جاوے تو اوسپر
و تاریخ لکھدی جایا کرے تاکہ ٹھیکہ داران کو موقع عذر کا نہ رہے۔

حکم ہوا

کہ ایک نقل اس روبکار کی بیچ گزٹ کے دیجاوے اور ایک نقل
صاحب چیف انجینیر بہادر کی خدمت میں مرسل ہووے بغرض تعمیل
دیوانصدر کو بھی اطلاع دیجاوے۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۰-اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

برطبق درخواست تحصیلدار شاہ آباد تجویز کمیٹی تحصیلداران منعقدہ
۲۱-اگست سنہ ۱۸۹۰ء متعلق اجازت قطع درختان ملاحظہ ہوئی
بعد غور حسب ذیل تصریح کیجاتی ہے۔

۱- جو درخواست اجازت قطع درختان انبہ۔ جامن۔ شیشم۔
تن۔ گذرے وہ عام اس سے کہ ابتداءً تحصیل میں پیش کیجاوے
یا صدر میں چار آنہ کے اسٹامپ پر ہونا چاہئے۔

۲- علاوہ درختان انبہ۔ جامن۔ شیشم۔ تن۔ دیگر درختان کی بابت
جو درخواست تحصیل میں گذرے وہ ایک آنہ کے اسٹامپ پر لیجاوے
اور اگر وہی درخواست صدر میں گذرے تو چار آنہ کے اسٹامپ پر
ہونا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا واسطے اعلان عام و توضیح روئداد کمیٹی ۲۱-اگست سنہ ۱۸۹۰ء
گزٹ ریاست میں طبع ہووے اور مطابق اسکے عمل کیا جاوے
تحصیلداران محال مطلع ہوں۔

روبکار اجلاس نواب یار جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل ریجنسی ریاست رامپور واقع ۱۳ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ع

چونکہ روئداد ہذا کی نسبت متعلق احکام تحریر ہو گئے لہذا اصل بنا بر تعمیل دفتر بہیجی جاوے اور نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بہیجی جاوے

روئداد کمیٹی میونسپل تحصیل شاہ آباد منعقدہ ۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ع

منشی محمد خیر زمان خانصاحب تحصیلدار صدر نشین

محمد احمد اللہ خان سکرٹری کمیٹی

شرکاء جلسہ غیر ملازمین

۱- محمد سبحان علیخان صاحب رئیس شاہ آباد
۲- لالہ جیا رام صاحب ساہوکار شاہ آباد
۳- کلیان سنگھ چودہری بازار
۴- محمد میر علیخان صاحب رئیس شاہ آباد
۵- محمد نبی خان صاحب رئیس شاہ آباد
۶- چندا خانصاحب ساکن شاہ آباد
۷- چوبے پرمانند صاحب ساکن شاہ آباد

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) اکثر جہات پر کہرک نہین ہے بوجہ نہونے کہرک کے اندیشہ گرنے آدمی کا ہی اور کہرک کا ہونا ضرور ہی ہر کس طرح بندوبست کیا جاوے۔	باتفاق قرار پایا کہ کہرک کا ہونا بہت ضروری ہی ہمیشہ سرکار سے کہرک تیار ہو کر پڑا کرتے ہین اور تخمینہ وغیرہ کی مثل کمیٹی مین پیش ہوئی لہذا تجویز ہوئی کہ رپورٹ مفصل جہت منظوری ارسال حضور ہو بعد منظوری اور آنے روپیہ کے کہرک جات تعمیر بنگرانی سکرٹری کمیٹی تیار کرائی جاوین اور جن جہات پر ضرورت ہو کہود کر جاوین۔

علیحدہ رپورٹ پر حکم مناسب صادر ہوگا۔

۱۳- اکتوبر سنہ ۹۰ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۲) قصبہ شاہ آباد مین انتظام چوکیداران نہین ہی جسکا ہونا ضرور ہے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر کی بہی ہمیشہ سے یہی تاکید ہی کہ چوکیدار قصبہ مین مقرر ہو جاوین اسکی بابت مثل بہی دائر ہی جو پیش کی گئی کیا انتظام مناسب ہوگا۔	باتفاق ممبران نے تجویز کیا کہ رعایا شاہ آباد نہایت مفلس اور بیروزگار ہی چند ہنود اور مسلمان جو خوشحال ہین انکو چوکیدار مقرر کرنے مین کوئی عذر نہین ہی مگر عام لوگ اسپر متفق نہین پس مثل ہذا پیش ہو اگر سرکار تنخواہ چوکیداران دی تو چوکیدار واسطے قصبہ کے مقرر ہو سکتے ہین صاحب صدر نشین و سکرٹری کی یہ رائے ہے کہ جو رائے ممبران کی وہ گزارش کیجاوے بعد منظوری تعمیل حکم جو ہو ہونا چاہیے۔

علیحدہ رپورٹ پر حکم مناسب صادر ہوگا

۱۳- اکتوبر سنہ ۹۰ع

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۳) سابق مین بوجہ ایام بارش اور نہ ضرورت ہونیکے دو خاکروب صفائی برخاست ہو گئے ہین اب موسم بارش گزر گیا اور ضرورت صفائی	باتفاق قرار پایا کہ ضرورت صفائی اب زیادہ ہی ہر دو خاکروب برخاست شدہ بدستور اگر مقرر ہوں تو صفائی ممکن ہی۔

زیادہ ہیں لہذا خاکروب بر خدمت شدہ بدستور رکھے جاوین۔

علیحدہ رپورٹ پر حکم جناب صاحب صادر ہوگا۔

۱۳۔ اکتوبر سنہ ۹۰ء

(دوم) مچھلیان برسر بازار متصل تحصیل فروخت ہوا کرتی ہین انکے فروخت کرنے کے واسطے کوئی جگہ تجویز ہونا چاہئے کیونکہ اسطرح کہ ایسی سر راہ بدبو کا ہونا مناسب نہین ہے۔

بالاتفاق قرار پایا کہ سابق مین تجویز ہو چکی ہے کہ جہان مچھلیان فروخت ہوتی ہین اسکے متصل سیلون کی کوٹھی محمد عثمان خان صاحب کی جو بوجہ گرجانے مکان کے ایک میدان بیکار پڑا ہوا ہے اسمین مچھلیان فروخت ہوا کرین اور خاکروب صفائی بھیجکر اوس میدان کو صاف کیا کرین بحد صفائی نگرانی رکھین اگر خواستگار محمد عثمان خان صاحب کسی وقت مین تعمیر کرنا اوسکا چاہین تو کمیٹی دیگر جگہ تجویز کرے گی۔

ملاحظہ شد ۱۳۔ اکتوبر سنہ ۹۰ء

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۴۔ اکتوبر سنہ ۹۰ء

دفعات متعلقہ پر احکام ثبت ہو گئے لہذا اصل بغرض تعمیل واپس ہو اور نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۵ اکتوبر سنہ ۹۰ء واقع شہر رامپور

صاحبزادہ ... بالقابہ صاحب صدر نشین کمیٹی

منشی محمد ابراہیم خان صاحب سکرٹری کمیٹی

شرکاء جلسہ ملازمین	شرکاء جلسہ غیر ملازمین
۱- منشی صادق حسین صاحب میونسپل انجنیر	۱- احمد علی خان صاحب [illegible]
۲- لالہ رام دیال صاحب ڈاکٹر فوج	۲- منشی نند کشور صاحب
۳- پنڈت [illegible] صاحب [illegible]	۳- پنڈت رام دت صاحب
۴- لالہ گوپال داس صاحب [illegible] خزانہ	۴- منشی نراین داس صاحب

امورات لائق طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) مثل [illegible] معہ رپورٹ [illegible] تقرر ایک کس چوکیدار برای حفاظت آبادی گنج کباب۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صیغہ میونسپلٹی سے تقرر چوکیدار کا کسیطرح مناسب و موزون نہین ہے صیغہ عمارت یا پولیس سے ہونا چاہئے۔

چونکہ گنج کباب حدود میونسپلٹی سے باہر ہے لہذا میونسپلٹی سے تقرر چوکیدار نہین چاہئے سکرٹری میونسپل بورڈ اس تجویز کمیٹی سے سپرنٹنڈنٹ پولیس کو اطلاع دین۔ ۱۴ اکتوبر سنہ ۹۰ء

(۳) مشتملہ میر علی [illegible] کی طوائفان از محلہ چوک محمد سعید خان آباد ہونے متصل فیلخانہ کہنہ حکمی نواب جوڈیشل ممبر بہادر۔	پیش ہو کر بعد بحث وغیرہ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تجویز کمیٹی سابقہ میں اسقدر ترمیم کردی جاوے کہ جن طوائفون کے مکان ذاتی ہین وہ بدستور بحال چھوڑ دیئے جاوین مگر اسقدر اونسے بہی معاہدہ لیا جائے بطور مچلکہ کہ خود احتیاط سے رہینگے اپنے مکان مین رہین اور اپنا طور طریقہ جو علانیہ فسق و فجور کی مرتکب ہین ترک کرین اور شرفاء محلہ دوار و نکونشان کی سہو تجویز ملت کو ترقی ندین اور نہ اپنے مکانو نمین [illegible] رکہین اور جن طوائفان کے مکانات ذاتی نہین ہین وہ فیلخانہ مین آباد ہون۔

ان دونون قسم کی فہرست سکرٹری میونسپل بورڈ سے طلب ہو۔ ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

(۴) عرضی محلہ داران راجدوارہ معہ کیفیت گرد آور صفائی دربارہ نصب لالٹین در مسجد حکمی نواب جوڈیشل ممبر بہادر۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ مسئلہ زیر تجویز ہے لہذا یہ عرضی کمیٹی آئندہ مین پیش ہو۔

ملاحظہ شد - ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

(۴) پروانہ اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر دربارہ نگرانی اشیاء خوردنی۔	بالاتفاق ممبر صاحبان نے نگرانی کامل کرنیکا وعدہ فرمایا۔

ملاحظہ شد - ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

(۵) نوٹ اجلاس حکمی [illegible] معہ حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر بدیں مضمون کہ کوئی ممبر میونسپل بورڈ محتاج خانہ کو نہین دیکھتا۔	بالاتفاق ممبر صاحبان نے وعدہ کیا کہ نگرانی محتاج خانہ کی زیادہ تر کیا کرینگے اور پیشتر سے بہی ہم لوگ نگرانی کرتے تہے صرف اس وجہ سے نگرانی کو کم کر دیا گیا تہا کہ متعلق محتاج خانہ چند نوٹ ہنگام معائنہ لکھے لیکن کچہ غور نہوا اور خصوصاً لالہ [illegible] ڈاکٹر فوج نے بیان کیا کہ مین نے ایک نوٹ دربارہ فراہمی کپڑا [illegible] وغیرہ کے لکھا تہا اب تک بندوبست نہین فرمایا گیا ممبران کمیٹی ملتمس ہین کہ ہنگام معائنہ محتاج خانہ اگر کوئی نوٹ لکہا کرین تو اوسپر توجہ مبذول فرمائی جایا کرے۔

ممبران کو آپ فرض منصبی ادا کرنا چاہئے اونکو دوسرون سے کوئی عہدنا طلب کرنیکا منصب نہین ہے۔ ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

(۶) دستور العمل میونسپل بورڈ مرتبہ [illegible]	بعد بحث و غور بالاتفاق اختیارات

سید احمد حسین پیشکار سررشتہ تعلیم حکمی نواب جوڈیشل ممبر بہادر۔

صاحب سکرٹری جن دفعہ (۱۳) و (۱۵) و (۱۶) و (۱۷) و (۱۸) ازاد ہوئیں اور اختیارات گرداور صفائی میں دفعہ (۱) تحت نقشہ انضباط اوقات گرداور صفائی میں ازاد ہوئی اور بعض بعض مقامات پر مناسب تخفیف و ترمیم ہوئی اور دستور العمل ممبران کمیٹی نے پسند اور قابل نفاذ سمجھا اور بہ تسلیم انطباع دستور العمل کے نواب جوڈیشل ممبر بہادر سے سفارش کی اور سید احمد حسین پیشکار سررشتہ تعلیم نے دستور العمل مرتب کیا ہی اونکی محنت اور کوشش قابل پرورش و قدر سمجھی گئی لہذا بغرض منظوری نفاذ نواب جوڈیشل ممبر بہادر کی خدمات مین پیش ہو۔

(۷) یادداشت حافظ محمد علی خان صاحب شوق ممبر بورڈ بدین مضمون کہ گو چہ لنگر خانہ ایک عام راہ ہی اور تنگ ہے جا بجا گرو کو شب مین تحت تکلیف ہوتی ہی اگر لالٹینین نصب کی جاوین تو مناسب ہو۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور صفائی کو لکھا جاوے کہ وجہ لنگر خانہ مین مقامات مناسب پر ایک دو لالٹین نصب کرا دین۔

ملاحظہ شد ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

تحصیلدار صاحب کو لکھا جاوے کہ فرد لقایا بر زمینداران جو واسطے تشخیص یا تصفیہ حساب کے پٹواری سے لیجاتی ہی اوسپر اسٹامپ لینے کی ضرورت نہین ہی البتہ نقل کسی کاغذ کی منجملہ کاغذات پٹوار کے اگر لیجاوی تو اوسپر اسٹامپ قابل اخذ ہے لیکن ایسی کاغذات کی نقل کے دینے کا پٹواری مجاز نہین ہی بلکہ وہ کاغذات داخل صدر یا تحصیل ہوتے ہین وہان سے نقل لینی چاہئے اور حسب قاعدہ اسٹامپ وصول ہونا چاہئے رپورٹ تحصیلدار اور یہ ہمارا حکم واسطے اطلاع عام کے درج گزٹ کیا جاوے ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

سکرٹری میونسپل بورڈ ہی دستور العمل کو مذریعہ رپورٹ علیحدہ کے پیش کرین اور اس دستور العمل کو اول دستور العمل مجریہ مرادآباد و بریلی سے بھی مقابلہ کرین اور بعد مقابلہ جو مناسب ہو ترمیم کرنیکے بعد پیش کرین۔ ۱۲۔ اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ء

غریب پرور سلامت

جنابعالی جو رعایان پٹواری سے کاغذ دستخطی معرفت تحصیل کے داخل کراتے ہین تو وہ کاغذ بدون اخذ کاغذ اسٹام حسب رواج قدیمی کے مدعی کو دلائے جاتے ہین کسو ا

اگر صیغے کے کاغذ داخل دستاویزات نہیں ہیں مگر بعد ۔۔۔
غلام جیلانی خان ۔ الگزار بہادر وغیرہ بمزید احتیاط موقت واپسی
کاغذات در محلہ چوہاریان ۔۔۔ آنہ کا داخل کر لیا گیا تھا
اگر اس حکم کاغذات کی واپسی بر فی قطعہ ۔۔۔ مثل واپسی

دستاویزات کے لیے مناسب ہو تو لیا جایا کرے یا ارشاد ہو
تو حسب شیڈ آمد قدیم بلا دخل ۔۔۔ واپس ہو جایا کرے ۔ فقط

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سن ابتدائی ۱۹ م لغایت ۲۶ م اکتوبر سنہ ۱۹۰۸ء

نام تحصیلات	پیدائش مرد ہندو	پیدائش مرد مسلمان	پیدائش عورت ہندو	پیدائش عورت مسلمان	میزان	تفصیل ہندو	تفصیل مسلمان	تفصیل فوتی ۱ تا ۵ مرد	۱ تا ۵ عورت	۶ تا ۱۲ مرد	۶ تا ۱۲ عورت	۱۳ سے زیادہ مرد	۱۳ سے زیادہ عورت	میزان مرد عورت مرد	میزان مرد عورت عورت	تفصیل ہندو	تفصیل مسلمان	کیفیت
شہر رامپور	۸	۱۴	۱	۱۵	۴۱	۹	۳۲	۲	۳	۲	۵	۱۴	۴	۹	۱۲	۶	۱۴	۰
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل سے بابت نقشہ نہیں آیا
ملک	۴۷	۱۲	۳۶	۴	۸۰	۶۹	۱۲	۱۱	۱۰	۲	۱	۹	۱۰	۲۲	۲۱	۳۷	۶	۰
سوار	۹	۸	۴	۹	۳۳	۱۶	۱۷	۴	۵	۲	۸	۴	۳	۱۳	۱۶	۱۴	۱۵	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل سے بابت نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
میزان	۶۴	۳۴	۳۰	۳۰	۱۶۱	۹۴	۶۷	۱۷	۱۸	۶	۱۴	۳۰	۱۷	۴۳	۴۹	۵۷	۳۵	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور سن ابتدائی ۱۹ لغایت ۲۶ اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ بار	•	•	۱۱ بار	۱۲۰ بار	۱۲ بار	شاہ آباد کا نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۴۰ بار	•	•	۱۶ بار	۱۵ بار	۱۳ بار	ملک کا نقشہ نہیں آیا۔
نخود گشتہ تیر	۹	•	•		۱۴۰ بار	۱۴۰ بار	
کشتہ	۱۵ بار	•	•	•	•		
ماش	۱۲ بار	•	•	•	۱۰ بار	۱۲ بار	
مونگ	۱۲ بار	•	•	•	•	۱۱ بار	
مکا	۱۵۰ بار	•	•	۱۷۰ بار	۱۷۰ بار	•	
سنجرے	۱۵۰ بار	•	•	۱۹ بار	۱۹۰ بار	۱۵ بار	
گوشتجرے	۱۴۰ بار	•	•	۱۸ بار	۱۹۰ بار	۱۲ بار	
عدس	۱۸ بار	•	•	•	۱۶ بار	۱۲ بار	
ارہر	•	•	•		۱۷ بار	۱۷ بار	
برنج	•	•	•	۱۱ بار	۱۰ بار	۱۱ بار	
روغن زرد	•	•	•	۱۵ سیر بار	۷ بار	۱۵ سیر بار	
روغن سیاہ	•	•	•	۳ بار	۷ بار	۳ بار	
روغن کنجد	•	•	•	•	•	۲ بار	
نمک ساہر	•	•	•	۸ بار	۱۰ بار	۸ بار	
نمک لاہوری	•	•	•	•	۷ بار	۶ بار	
قند سیاہ	•	•	•	•	۹ بار	۶ بار	

حسب الحکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر

اشتہار راسان قابل نیلام مویشخانہ شہر خاص

نمبر شمار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۹۳	گھوڑی	[illegible]	چھ سال	۳-۳۰	[illegible]	•	ادھیڑ	•	[illegible]	جہاں ... سکنہ ... دروازہ	۱۰ اکتوبر سنہ ۹ء ۱۲ بجے دن کو	۲۹ اکتوبر سنہ ۹ء	صورت کم بولی کے نیلام ہوگا۔
۲	۹۷	بچھیرا	سرنگ	دش ماہ	۹-۳	"	•	•	•	ادھیڑ	بھوندو ... سکنہ ...	۱۵ اکتوبر سنہ ۹ء ۹ بجے دن کے	۳۰ اکتوبر سنہ ۹ء	"
۳	۱۰۰	بھینسہ	کالا	پانچ سال	۳-۷	سفید	جوڑی	"	•	[illegible]	جہاں ... سکنہ ... دروازہ	۱۸ اکتوبر سنہ ۹ء ۹ بجے دن کے	یکم نومبر سنہ ۹ء	"